# ای۔ ٹینڈر نوٹس برائے خوراک (کچاراشن) اور متفرق اشیاء

زیر دستخطی کو ڈسٹرکٹ جیل بونیر کے اسیران (قیدیوں) کیلئے کچاراشن و دیگر متفرق اشیاء کی سپلائی برائے مالی سال 27-2026 میں جن کی مالیت اندازے کے مطابق تقریباً تین کروڑ روپے پاکستانی (3,00,00000) بنتی ہے، خواہشمند اُمیدواران / ٹھیکیداران جو کہ سیلز ٹیکس اور انکم ٹیکس کے ساتھ ساتھ محکمہ خیبر پختونخواہ پبلک پروکیورمنٹ ریگولیٹری اتھارٹی (KP-PPRA) کی ویب سائیٹ https://kp.eprocure.gov.pk پر رجسٹرڈ ہوں، سے بذریعہ E-Procurement ٹینڈر مطلوب ہیں۔ ٹینڈر بذریعہ E-PADS مورخہ 29-07-2026 بوقت صبح 10:30AM بجے تک آن لائن جمع کئے جاسکتے ہیں ٹینڈر اسی روز یعنی 29-07-2026 بوقت صبح 11:00 AM بجے ٹینڈر نمائندگان اور کمیٹی ممبران کے روبرو سپرنٹنڈنٹ آفس ڈسٹرکٹ جیل بونیر میں آن لائن کھولے جائینگے۔

شرائط:

1- اُوپر دی گئی مالیت ایک اندازے کے مطابق ہے جس میں مجاز اتھارٹی خیبر پختونخواہ پبلک پروکیورمنٹ ریگولیٹری اتھارٹی کے رولز کے مطابق کمی بیشی کر سکتی ہے۔

2 - تمام خواہشمند اُمیدواران / ٹھیکیداران کیلئے لازم ہے کہ وہ خیبر پختونخواہ پبلک پروکیورمنٹ ریگولیٹری اتھارٹی (KP-PPRA) کی ویب سائیٹ https://kp.eprocure.gov.pk پر خود کو رجسٹرڈ کروائیں کیونکہ مجوزہ ٹینڈر فارم بمعہ فہرست درکار اشیاء و دیگر ضروری دستاویزات مذکورہ ویب سائیٹ پر دیکھی جاسکتی ہیں۔ اور وہاں سے ڈاؤن لوڈ بھی کی جاسکتی ہیں۔ مجوزہ ٹینڈر نوٹس کی اشاعت کی کاپی خیبر پختونخواہ پبلک پروکیورمنٹ ریگولیٹری اتھارٹی (KP-PPRA) کی ویب سائٹ http://www.kppra.gov.pk سے بھی حاصل کی جاسکتی ہیں۔

3۔ ای ٹینڈرنگ میں حصہ لینے والے تمام ٹھیکیداران کو ٹینڈر کی مالیت کا 2٪ فیصد زر شمولیت جو کسی بھی منظور شدہ بینک سے جاری کردہ ہو۔ بطور کال ڈیپازٹ بنام سپرنٹنڈنٹ ڈسٹرکٹ جیل بونیر EPADS پر اپلوڈ کرنا ہوگا، اور اصل زر شمولیت ٹینڈر کھولنے سے پہلے دفتر زیر دستخطی میں لازمی جمع کروانا ہوگا۔ CDR اپلوڈ نہ کرنے یا اصل CDR دفتر میں بروقت پیش نہ کرنے کی صورت میں متعلقہ فرد یا فرم کو ایک (01) سال کی مدت کیلئے نااہل قرار دیا جائے گا۔

4۔ متعلقہ ٹھیکیدار / فرم کو حکومت پاکستان کی طرف سے عائد شدہ تمام ٹیکسز جو حکومت پاکستان کی طرف سے وقتاً فوقتاً نافذ العمل ہوں مروجہ پالیسی کے مطابق ادا کرنے ہونگے۔

5۔ بروقت سپلائی نہ کرنے یا غیر معیاری اشیاء کے سپلائی کی صورت میں مجوزہ اشیاء بازار سے مارکیٹ نرخ پر خریدے جائینگے اور نرخ میں فرق کی صورت میں اضافی رقم ٹھیکدار کے بل یا سیکورٹی سے ادا کیا جائیگا۔

6۔ سپلائی میں ناکامی، غیر معیاری اشیاء کی سپلائی یا قواعد وضوابط کی خلاف ورزی کی صورت میں متعلقہ ٹھیکیدار / فرم کے خلاف رولز کے مطابق قانونی کاروائی کی جائیگی، جس میں ٹھیکدار کو بلیک لسٹ کیا جاسکتا ہے اور اس پر جرمانہ بھی عائد کیا جائے گا۔

7۔ مقرر کردہ کمیٹی کو اختیار حاصل ہے کہ وہ کسی فرم / ٹھیکیدار کے ٹینڈر کو جزوی یا کلی طور پر وجہ بتا کر مسترد کرے۔

8۔ ٹینڈر کی حتمی منظوری جناب ڈپٹی انسپکٹر جنرل جیل خانہ جات سوات ریجن دیں گے۔

9۔ تمام اشیاء ڈسٹرکٹ جیل بونیر کے ڈیوڑھی گیٹ تک پہنچانا لازمی ہوگی۔

10۔ تمام جمع شدہ کال ڈیپازٹ تصدیق کے لئے متعلقہ بینک کو ارسال کئے جائنگے اور بغیر تصدیق کے کوئی بھی کال ڈیپازٹ واپس نہیں کیا جائے گا۔ اور اگر دوران تصدیق، کوئی کال ڈیپازٹ جعلی قرار پایا گیا تو متعلقہ ٹھیکیدار کے خلاف بینک رولز اور حکومت پاکستان کے مروجہ قانون کے مطابق محکمانہ کاروائی کا اختیار حاصل ہوگا۔

11- ٹینڈر کی بولیاں صرف خیبر پختونخواہ پبلک پروکیورمنٹ ریگولیٹری اتھارٹی (KP-PPRA) کے رولز کے مطابق آن لائن EPADS ویب سائٹ https://kp.eprocure.gov.pk کے زریعے وصول اور عمل میں لائی جائیں گی۔

12۔ ٹھیکہ منظور ہونے کی صورت میں متعلقہ ٹھیکیدار / فرم کے ساتھ معاہدہ کیا جائے گا اور ٹھیکہ مالیت کے 05٪ کے مساوی کارکردگی ضمانت (Performance Guarantee) بطور CDR بنام سپرنٹنڈنٹ ڈسٹرکٹ جیل بونیر لازمی جمع کروانا ہوگا۔

المشتہر

سپرنٹنڈنٹ ڈسٹرکٹ جیل بونیر

فون نمبر: 0939-512712

SUPERINTENDENT
DISTRICT JAIL BUNER

CamScanner